## آئندہ انتخابات میں پنجاب کے محبّ وطن عوام پاکستان بنانے اور اسے بچانے والوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے، الطاف حسین

## ایم کیوایم، پاکستان میں جمہوریت کا فروغ، جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے

## پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام جان چکے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی سلامتی وبقاء کی ضمانت ہے

لندن۔۔۔19، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ صوبہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں پنجاب کے محبّ وطن عوام پاکستان بنانے اور اسے بچانے والوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم، پاکستان میں جمہوریت کا فروغ، فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ اور غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب لانا چاہتی ہے تاکہ پاکستان کے پسے ہوئے، محروم، مظلوم اور محکوم طبقہ کے عوام کو نہ صرف انکے جائز حقوق مل سکیں بلکہ انہیں اسمبلیوں اور اقتدار کے ایوانوں میں پہنچنے کا موقع بھی میسر آسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ فکر وفلسفہ صوبہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں تیزی سے پھیل رہا ہے اور وہ جان چکے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی سلامتی وبقاء کی ضمانت ہے اور انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں پنجاب کے محبّ وطن عوام پاکستان بنانے اور اسے بچانے والوں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محبّ وطن عوام پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام، کرپٹ سیاسی کلچر اور ظلم وناانصافی کے خاتمہ کیلئے کرپشن سے پاک نمائندوں کو ووٹ دیں گے جو ملک اور عوام کی عملی خدمت کرکے ملک وقوم کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی کہ صوبہ پنجاب میں کی گئی تنظیم نو کے سلسلے میں زونوں کے ذمہ داران کے ناموں کا جلد سے جلد اعلان کیا جائے تاکہ پنجاب میں مربوط اور منظم انداز سے تنظیمی سرگرمیوں کا بھرپور طریقہ سے آغاز کیا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے پنجاب میں تنظیم نو کے سلسلے میں کئے گئے انٹرویوز میں گہری دلچسپی کا مظاہرہ کرنے پر ایم کیوایم پنجاب کے کارکنوں، حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں بالخصوص طلباء وطالبات کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور مذہبی رواداری کے قیام اور امن وامان کیلئے کوشاں ہیں، علمائے کرام

## محرم الحرام کے موقع پر ایم کیوایم کی جانب سے علامہ طالب جوہر اور مولانا تنویرالحق تھانوی سے ملاقات

کراچی۔۔۔19دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ہرسال کی طرح امسال بھی محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ، مذہبی رواداری کے قیام اور امن وامان کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے اور اس سلسلے میں حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے معروف شیعہ عالم دین علامہ طالب جوہری اور مولانا تنویرالحق تھانوی سے ملاقات کی اور ان سے محرم الحرام کے دوران قیام امن ومذہبی رواداری کے قیام کیلئے اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی اور علمائے کرام کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کا خصوصی پیغام بھی پہنچایا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے علماء کمیٹی کے انچارج وجمشید ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد اور علماء کمیٹی کے دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علمائے کرام نے محرم الحرام کے موقع پر ایم کیوایم کی کاوشوں کا سراہتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کے واحد رہنما ہیں جو محرم الحرام اور دیگر اسلامی مہینوں میں اپنا کردار عملی طور پر ادا کرتے ہیں اور ان کی کاوشوں کے سبب ہی آج عوام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری قائم ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان اتحاد ویکجہتی اور یگانگت کی فضاء کو قائم رکھیں اور تمام اشتعال انگیزیوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ آخر میں علامہ طالب جوہری اور مولانا تنویرالحق تھانوی نے ملک میں امن وامان کے قیام اور قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت تندرستی کیلئے دعا بھی کیں۔

## KESC کے انجینئرز وآفیسرز کے مسائل کے حل کیلئے انتظامیہ نے یقین دہانی کروائی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## نائن زیرو پر ملاقات کیلئے آئے ہوئے KESC کے انجینئرز وآفیسرز ایسوسی ایشن کے مرکزی عہدیداران سے گفتگو

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ KESC کے انجینئر ز وآفیسرز کے مسائل کے حل کیلئے انتظامیہ نے یقین دہانی کرائی ہے اور اس حوالے سے ادارے کی انتظامیہ سے ہمارا رابطہ ہوا ہے۔ یہ بات ڈاکٹر فاروق ستار نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ملاقات کیلئے آنے والے کراچی الیکٹرک کمپنی کے انجینئر ز وآفیسرز ایسوسی ایشن کے مرکزی عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد اور ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی واراکین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر شمس العارفین قاسمی نے رابطہ کمیٹی کو بتایا کہ کے ای ایس سی سے 170 کنٹریکٹ انجینئر ز وآفیسرز کو یک جنبش قلم ملازمتوں سے فارغ کر دیا گیا ہے جبکہ 150 سے زائد انجینئر ز وآفیسرز کو سرپلس پول میں ڈال دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے میں مستقل ملازمت کرنے والے انجینئر ز وآفیسرز کو جبری کنٹریکٹ پر لانے کیلئے ذہنی اذیت بھی پہنچائی جارہی ہے، انتظامیہ کے ان فیصلوں سے ادارے میں موجود انجینئر ز وآفیسرز میں بے چینی پھیل گئی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ KESC انتظامی کے متنازعہ فیصلوں کے باعث پہلے ہی بحران کا شکار ہے اور مزید مزدور دشمن فیصلوں سے ملازمین کی کارکردگی متاثر ہورہی ہے جس کے اثرات کراچی کے عوام پر پڑے گے جو پہلے ہی لوڈشیڈنگ کا عذاب جھیل رہے ہیں۔

## حق پرستانہ جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو قتل کرنے والے دہشت گرد سفاک اور درندہ صفت ہیں، ارکان سندھ اسمبلی عارف شہید، منصور شیخ اور عبدالعزیز شہید کے قاتلوں کو گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزا دی جائے

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مسلح دہشت گردں کے ہاتھوں ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 86 کے کارکن عارف، ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 103-B کے جواں سال کارکن منصور شیخ اور ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 93-B کے سابق یونٹ انچارج بابر زین جمال کے بھانجے عبدالعزیز کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور قتل کی وارداتوں کو شہر کا امن خراب کرنیکی سازشوں کا حصہ قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت کی کاوشوں کے باعث ملک کے دیگر شہروں کی نسبت کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہے لیکن بعض امن دشمن عناصر امن وامان کی اس فضا کو خراب کرنا چاہتے ہیں اور ایم کیوایم کے تین کارکنان کے پے در پے قتل کی وارداتیں بھی اسی گھناؤنی سازش کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حق پرستانہ جدوجہد کی پاداش میں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو بے دردی سے قتل کرنے والے دہشت گرد سفاک اور درندہ صفت ہیں اور کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے عارف شہید، منصور شیخ شہید اور عبدالعزیز شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ انہوں نے کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈوں پر اپنے جذبات قابو میں رکھیں اور کسی بھی قسم کی اشتعال انگیزی سے گریز کرکے امن وامان تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے تین کارکنان کے بہیمانہ قتل کے واقعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، کارکنان کے قتل کی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جائے۔

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے شہید کارکن مرزا افروز بیگ کے بھائی، محمود آباد سیکٹر کی یونٹ کمیٹی کے رکن اور اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے سابق رکن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے شہید کارکن مرزا افروز بیگ کے بھائی مرزا مشکور بیگ، ایم کیوایم محمود آباد سیکٹر یونٹ منظور کالونی کی یونٹ کمیٹی کے رکن رانا ساجد کی والدہ محترمہ زیتون بیگم اور اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے سابق رکن نعیم زئی کی والدہ محترمہ رحمت النساء ایم کیوایم لیاقت آباد یونٹ 158 کے کارکن عدنان کے والد عبدالرشید، ایم کیوایم پی پی او سی کورنگی سیکٹر یونٹ 3 کے کارکن علی نقی کے والد محمد رضا اور ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون کے زونل ممبر نعیم الدین میمن کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## حیدرآباد سیکٹر کے سابق رکن سے اے پی ایم ایس او کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین واراکین مرکزی کابینہ نے اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے سابق رکن نعیم زئی کی والدہ محترمہ رحمت النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## روزنامہ امن کے رپورٹرزاہد حسین فخری کی ہمشیرہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔19، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ امن کے رپورٹرزاہد حسین فخری کی ہمشیرہ محترمہ ساجدہ ندیم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆